نماز میں سجدہ تلاوت کے بعد پھر وہی آیت پڑھی تو دوبارہ سجدہ لازم ہوگا؟

مجیب: مفتی محمد قاسم عطاری

فتوی نمبر: FSD-9112

تاریخ اجراء: 22ربیع الاول1446ھ/27ستمبر2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں امام مسجد ہوں اور جہری نمازوں میں بالاستیعاب قرآن کریم کی تلاوت کر رہا ہوں، آج فجر کی نماز میں یہ معاملہ پیش آیا کہ میں نے پہلی رکعت میں آیت سجدہ تلاوت کی، پھر اسی وقت سجدہ تلاوت بھی کروادیا، جب سجدہ سے اٹھا، تو دوبارہ اسی رکعت میں آیت سجدہ سے تلاوت شروع کردی، اس کا سجدہ نہیں کروایا اور ایسے ہی نماز مکمل کردی، مجھے یہ پوچھنا ہے کہ کیا مجھ پر دوبارہ سجدۂ تلاوت کی ادائیگی لازم تھی یا نہیں؟ رہنمائی فرمادیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

اگر کوئی شخص نماز میں آیت سجدہ تلاوت کرنے اور سجدہ تلاوت کی ادائیگی کے بعد اسی آیتِ سجدہ کو دوبارہ پڑھے، تو اس تکرار کی وجہ سے دوبارہ سجدہ تلاوت کرنا، لازم نہیں، بلکہ ایک سجدہ ہی کافی ہوتا ہے، کیونکہ اس صورت میں حکمی طور پر ایک ہی مجلس میں آیت سجدہ کا تکرار ہوا ہے، لہذا پوچھی گئی صورت میں پہلے والا سجدہ تلاوت کرنے سے ہی وجوب ساقط ہو گیا، دوبارہ سجدۂ تلاوت کی ادائیگی لازم نہیں۔

نماز میں آیتِ سجدہ کا تکرار کرنے پر ایک ہی سجدہ کافی ہے ہر آیت کے بدلے الگ سے سجدہ کرنا لازم نہیں، جیسا کہ فتاویٰ عالمگیری میں ہے: ”ولو تلاها في ركعة فسجدها ثم أعادها في تلك الركعة لا تجب ثانيا كذا في محيط السرخسي“ ترجمہ: اگر کسی نے ایک رکعت میں آیت سجدہ تلاوت کی اور سجدہ بھی کرلیا، پھر اسی رکعت میں دوبارہ آیت سجدہ کو پڑھا، تو دوبارہ سجدہ تلاوت لازم نہیں ہوگا، جیسا کہ محیط سرخسی میں ہے۔(الفتاوی الھندیۃ، جلد1، صفحہ135، مطبوعہ کوئٹہ)

اس مسئلہ کی علت بدائع الصنائع میں یوں بیان کی گئی ہے: ”إذا كرر التلاوة في ركعة واحدة؛ لأن هناك أمكن جعل التلاوة المتكررة متحدة حكما“ ترجمہ: جب ایک ہی رکعت میں آیت سجدہ کی تکرار ہو، (تو ایک ہی سجدہ کرنا ہوگا)، کیونکہ یہاں آیت سجدہ کی تلاوت کا تکرار حکمی طور پر ایک ہی مجلس میں ہے۔ (بدائع الصنائع في ترتیب الشرائع، جلد 1، صفحہ 183، مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

بہار شریعت میں ہے: ”ایک رکعت میں بار بار وہی آیت پڑھی تو ایک ہی سجدہ کافی ہے، خواہ چند بار پڑھ کر سجدہ کیا یا ایک بار پڑھ کر سجدہ کیا پھر دوبارہ سہ بارہ آیت پڑھی۔ (بہارِ شریعت، جلد 1، صفحہ 737، مطبوعہ مکتبۃ المدینۃ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net